© rasailojaraid.com

افکارِ احرار

# اِس پیکرِ علم و عمل کو جانتے ہو...؟

وہی جِس کے ہاتھ پر حجّتُ الاسلام علامہ محمّد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے سب سے اوّل بیعت کی۔

وہی جِس کے ہاتھ میں پانچ سو عُلماء نے مجمع عام میں ہاتھ دے دیئے۔

وہی جو چالیس برس کی عُمر میں پانچ دفعہ حکومت کے عتاب کا شکار ہو چکا ہے۔

وہی جو برسوں جیل کی کالی کوٹھڑیوں میں زندگی کی بہاریں لُٹا چکا ہے۔

ہندوستان کی چالیس کروڑ کی آبادی میں

جس کی ٹکّر کا ایک آدمی نہیں۔

اِس جیسا خوش بیاں نہیں۔

اِس جیسا جادو بیاں نہیں۔

جس کے ایک ایک لفظ پر ہر مجمع میں ہزاروں آدمی آمادۂ عمل ہو جاتے ہیں۔

یہ ہیں امیرِ شریعت سیّد عطاء اللہ شاہ بخاریؒ

مفکرِ احرار:

چودھری افضل حق رحمہ اللہ

اقتباس اداریہ روزنامہ "مجاہد" لاہور

۱۲ستمبر: ۱۹۳۵ء

© rasailojaraid.com